24/01/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سول سیکرٹریٹ جموں میں جموں و کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ میں نئے ہائیڈرو پاور پروجیکٹوں کی عمل آوری ،بجلی سپلائی میں پیش رفت اور ان منصوبوں سے بجلی کی پیداوار میں متوقع اضافے کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے اِن منصوبوں کی بروقت تکمیل کی ضرورت پر زور دیا ۔

وزیر اعلیٰ نے دیرپاتوانائی کے لئے حکومت کے عزم پر روشنی ڈالتے ہوئے اَفسران پر زور دیا کہ وہ رُکے ہوئے منصوبوں کی بحالی کے لئے ضروری اقدامات کریں۔

وزیر اعلیٰ

اس دوران وزیر اعلیٰ نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اور شیخ محمد عبداللہ کی مساوات اور انصاف کو آگے بڑھانے میں تبدیلی کے نظریے پر زور دیا۔ وہ بڑی برہمنہ میں ڈاکٹر بی آر امبیڈکر ایجوکیشنل سوسائٹی کے ذریعہ تعمیر کردہ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر بھون کے افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کے نظریے کے عین مطابق مرحوم شیخ محمد عبداللہ نے جموں و کشمیر میں زمینی اصلاحات کو نافذ کیا ۔

پریڈ

اس برس نئی دلی میں منعقد ہونے والی یوم جمہوریہ کی پریڈ کا مشاہدہ کرنے کیلئے ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے دس ہزار ایسے خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے، جنہوں نے سماج اور قوم کے تئیں اپنی بے لوث خدمات انجام دی ہیں۔

ان میں کشمیر سے تعلق رکھنے والے چالیس افراد بھی شامل ہیں۔ان افراد میں سے کچھ ایک نے آکاشوانی شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالا ت کا کچھ اس طرح اظہار کیا ۔

........Bytes........

اس دوران بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں آج یوم جمہوریہ کے سلسلے میں فُل ڈریس ریہرسل پریڈ کا انعقاد ہو رہا ہے ۔

گرل چائلڈ ڈے

آج نیشنل گرل چائلڈ ڈے منایا جا رہا ہے ۔ یہ دن ملک میں ہر سال 24جنوری کو منایا جاتا ہے۔ خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت کے ذریعہ 2008 میں اس دن کو مخصوص کئے جانے کے بعد اس کا مقصد لڑکیوں کو بااختیار بنانا اور صنفی امتیاز کی رکاوٹوں کے بغیر ترقی کی منازل طے کرنا ہے ۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس دن کی مناسبت سے کہا ہے کہ مرکزی سرکار بچیوں کو با اختیار بنانے کے حوالے سے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے ۔ انہوں نے لڑکیوں کے ہر شعبے میں قابل ستائش صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے پر مسرت ظاہر کی ۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی سرکار صنفی مساوات کو قائم رکھنے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے ۔

ADG

ستیش کھنڈارے نے آئی جی جموں فرنٹیئر ڈی کے بورا ADG بی ایس ایف ویسٹرن کمانڈ کے نلِن پربھات سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران سیکیورٹی اور بارڈر مینجمنٹ DGPکے ہمراہ سے متعلق معاملات اورآپریشنل کوآرڈینیشن کے علاوہ دیگر امورات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ACB

فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز محکمہ میں تقرریوں میں مبینہ دھاندلیوں کے حوالے سے جموں و کشمیر اینٹی کرپشن بیورو نے یوٹی میں چھ مقامات پر چھاپے مارے ۔ یہ کاروائی عدالتی احکامات کے عین مطابق کی گئی ۔

واضح رہے کہ اینٹی کرپشن بیورو کو ان بے ضابطگیوں کے حوالے سے اطلاع ملنے کے بعد اس طرح کی کاروائی کی گئی ۔ چھاپہ ماری کے دوران کئی الیکٹرانک گیجٹ اور دیگر دستاویزات ضبط کی گئیں۔ اس معاملے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

پولیس

عوام میں قانون کے مختلف پہلووں کے بارے میں جانکاری عام کرنے کی غرض سے اونتی پورہ میں پولیس کی جانب سے ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ اس موقعہ پر شرکاءکو نئے فوجداری قوانین سے متعلق جانکاری فراہم کی گئی ۔

اس دوران پولیس نے سوپور میں رفیق احمد خان ساکن لڈورہ رفیع آباد نامی ایک بدنام زمانہ مجرم کو گرفتار کیا ہے ۔ پولیس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مذکورہ شخص کئی مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہے اور اس کو پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت حراست میں لیا گیا ہے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ ڈرائیوروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط پر عمل کر کے اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔

اُدھر بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔ تاہم سرینگر کرگل روڑ کو ٹریفک کے لئے بحال کیا گیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ